مجھے جو یقین تلک عین الیقین
وہ کہائیں قسم گو غلط پر غلط

ہم اونکو سنایا کئے حال دل
وہ کہتے رہے گو برابر غلط

تری نامہ بر کیوں نہ مانوں بھلا
پیمبر کی جو بات کیونکر غلط

ترا عہد سچا سراپا صحیح
مری بات جہوٹی سراسر غلط

دوبارہ سنا دلکا جب میں نے حال
کہا اوسنے سنکر مکرر غلط

زبان کا تکلم نہ پہنچا مری
مرا دعوی عشق ہو کر غلط

ترا بارہا قول دیکہا دروغ
تری بات نکلی ہے اکثر غلط

کہا اوسنے خط کو مرے پہاڑ کر
کہاں تک پڑہے کوئی دفتر غلط

کہا اوس سے شوکت نے جب حال دل
کہا اوس ستمگر نے سنکر غلط

# ردیف ظ

رقیب ہوے اسی ہوا خدا حافظ
کہ مجھکو غیر سمجھکر کہا خدا حافظ

رولا رہا ہے بوقتِ سفر وہ زور رو کر
کسیکا ہائی یہہ کہنا ترا خدا حافظ

چلا ہے نامہ مرا تو پیامبر لیکر
ترے رسول معاون ترا خدا حافظ

اٹھا جو بزم سے مین تو نگاہ تک ادہی
چلے رقیب لگے اوٹھکر کہا خدا حافظ

تم الوداع بہی تہے اقارب و احباب
کسینے ہائی نہ اتنا کہا خدا حافظ

چلا ہے کوئی ستمگر کو پہر انظارہ
بس اب ترا دلِ درد آشنا خدا حافظ

چلا ہے ہیبت سے ابھی کہی کہ جاتا ہون
مری طرف تو ذرا دیکھنا خدا حافظ

چلے ہین غیر کے گھر اوٹھکے تیرے پہلو سے
کہون تو خاک کہون مین بہلا خدا حافظ

نہ مانگ رہا اپنا کسیکے کوچہ کو
چلے ہے پہر دلِ وحشی چلا خدا حافظ

بتون پہ ہو کے فدا چہوڑ کر درِ کعبہ
چلا ہے دیر کو شوکت ترا خدا حافظ

محفل مین میری شرم نہ اغیار کا لحاظ
یہہ اوٹھہ گیا ہے چشمِ ستمگار کا لحاظ

چھپین کر رہی ہے حیا اوس نگاہ کی
بیتاب کر رہا ہے ستمگار کا لحاظ

اوس سے اگر چھپین تو چھپین کسطرے رقیب
دسن بین کا خیال ہے دو چار کا لحاظ

افسوس اپنی بات کیا ہے تمکو کچھ نہین
اقرار کا لحاظ نہ انکار کا لحاظ

جوتی ہے چھیڑ چھاڑ سرِ بزم غیر سے
کئی تو اب کہان ہے وہ سرکار کا لحاظ

بوسہ ادہر کا لیکے اودہر لو جبکہ جو مین
بولے کہ چاہئے ہمین تکرار کا لحاظ

محفل مین ملا غیر کے باعث نہ کہہ سکے
خلوت مین ہے ہمین نگہ یار کا لحاظ

وعدہ اگر کیا ہے تو ایفا بہی کیجیے
انسان کو ضرور ہے اقرار کا لحاظ

شیخ اور برہمن کو محبت میں یار کی
تسبیح کا خیال نہ زنار کا لحاظ

عذر نزاکت آپکو ہم مبتلائے شوق
ہمسے تو ہو سکیگا نہ ہر بار کا لحاظ

وہ دل دکہائے تو بہی دل آزار کیوں کہو
شوکت ہمیں ضرور ہے دلدار کا لحاظ

# ردیف ع

بیتاب ہے فراق میں پروانہ وار شمع
محفل ہے آؤ کہ بیٹھی ہے انتظار شمع

رخ سے کرے مقابلہ تیرے عذار شمع
روکش کبھی نہ اوس سے ہو اے مہ عذار شمع

ڈھونڈے ہے اپنی میری چشم میں وہ رخسار اشک میں
یا جل رہی ہے آج نہ اشکبار شمع

جس شعلہ رو نے تم کو جلایا تھا عمر بھر
لیکن چلا ہے آج وہ سوئے مزار شمع

کون آ کے جلوہ رخ روشن دکھا گیا
پروانے مضطرب ہیں تو ہے بیقرار شمع

روئیں نہ خاک اوڑائیں مری بیکسی پہ کیوں
پروانے گل چیں نے چادر مزار شمع

گل دیا انہوں نے اونہا او ٹھہر جلا گیا
روتی ہے آج بزم میں کیوں زار زار شمع

قربان بیکسی ہے ہمارے مزار پر
لے دے کے ایک ہے او ہی سوگوار شمع

اسکو بھی جلوہ رخ روشن دکھا دی
لب سے کہہ رہی ہے شوق میں امیدوار شمع

برخاست بزم ہوتی ہے پروانے جل چکے
رو رو کے تو نکال لے دل کا غبار شمع

اوس شعلہ رو کے جانے سے اندھیرا ہو گیا
محفل میں تیرا بیٹھنا بھی ہے ناگوار شمع

آنکھوں سے کہہ رہی ہے ہمارے مزار پر
لیکن تھا ساتھ سلیقہ کا ہوئی سوگوار شمع

بزم خوشی بپا ہے کوئی مہمان ہے آج
رونا ترا بہت ہے ہمیں ناگوار شمع

اغیار بزم گاہ کے کرم حقیر ہیں
پروانے ہم ہیں تیرا نہ بے بہار شمع

محفل میں آ کے دیکھا شوکت پھر کیا
پروانہ صدقے ہو گا جو تیرا نثار شمع

# ردیف غ

جانبِ مسجد چلے منت کا وہ لیکر چراغ
جبکہ شہیدِ ناز کی پایا نہ تربت پر چراغ

اسکے دامن کی ہوا آتی ہے یارب بار بار
قبر کا میری جو یوں بجھتا ہے جل جلکر چراغ

آج کسکی قبر پہ جاتے ہیں وہ اس شان سے
پھول دامن میں بھرے ہیں اور ہاتھوں پہ چراغ

تھی شبِ فرقت سے تیرہ تر مری قسمت کی شب
گر نہ بنجاتا خیالِ عارضِ دلبر چراغ

بزمِ شمع نے پر بتیرے پروانوں کو قرباں دیکھکر
رشک کی آتش سے رہجاتا ہے جل جلکر چراغ

ایک میں ہی آیا نہ محفل میں کیا سبب جو ہیں
مضطرب پروانے کہاں شمع ہے ششدر چراغ

دو میں آک ماہ رخ کے اغیار اندھیرے ہے
کیا عجب جلتے رہیں عالم میں گر دن بھر چراغ

لوٹنے کو وہ متاعِ صبر و تسکیں آئے جب
اونہی خاطر داغِ دل روشن ہوا بنکر چراغ

آج میری اونکی شوکت رسمِ الفت مٹ گئی
اب جلائیں شوق سے کسی کے عدو گھر گھر چراغ

# ردیف ف

پہلو سے اُٹھ کے جائے ہے وہ نگار حیف
رہتا ہے نا ملال کے دل بے قرار حیف

رو رو کے کاٹی جھنتو کیا ہیں رقیب نے نا دار حیف
پہلو میں ہو رقیب کے اپنا نگار حیف

وہ گل نہیں ہے ابر ہے صہبا ہے باغ ہے
آتا ہے آج یاد گذشتہ بار بار حیف

مرتا ہے کہ تم ہو اس نہ پہ یقین نہیں
گو وہ زبان سے اپنی کہیں بار بار حیف

آنکھیں ملا نہ کبھی کہ قیامت بپا ہوئی
آکے تیر سا ہوا ہے جگر کے پار حیف

دل اکتا ہے پہ نہ سکنا ہے نشان
کیا کیا نہیں یہاں دفن کوئے نامدار حیف

کیا جانتا تھا میں مجھے اس کی خبر نہ تھی
کن کن طرح سے وہ دل بے قرار حیف

شرط وفا یہ ہے یہ وہ ماتم تھا
ہم جا نہیں ہوا اور آپ ہوں سوار حیف

شوکت یہاں حسینوں کی ہاں ہو رہی تیاں ان
کہتا ہے قتل اور نہ سمجھا ہو ار حیف

# ردیف ق

دل مضطر ہے تمہارا مشتاق — اور مشتاق بھی کیسا مشتاق

منزل دل ہے گذرگاہ تیری — چشم نمناک سراپا مشتاق

دل ہمارا ترا شیدا ہو کر — کیا کسی اور کا ہوگا مشتاق

آؤ پہلو میں مرے آ بیٹھو — کہ ہے آغوش تمنا مشتاق

جلوۂ حسن خداداد کا ہے — دل بیتاب ہمارا مشتاق

آنکھ میں چاند سی صورت ہے بسی — دل ہے اک مہ لقا کا مشتاق

رخ پرنور دکھا کر تم نے — کیوں بنایا تھا خدارا مشتاق

قد ہو جائے نہ جبتک ہی میری — تو نہ ہو جائے کسی کا مشتاق

دیکھ کر مجھکو رقیبوں نے کہا — دیکھو آیا وہ ہمارا مشتاق

تمکو نفرت ہے تو تب ہے ہمیں — سب کو دنیا میں ہے پیارا مشتاق

بعد مدت دل بھی کہاں ہیں آنکھیں
کیا یہہ شوکت تھا کسی کا مشتاق

# ردیف ک

گئے نالے زمیں سے آسماں تک
یہ پہونچینگے وہاں سے لامکاں تک

نہ آئے حالِ دل اب تک زباں تک
کرے ضبطِ الم کوئی کہاں تک

شکایت دل میں ہو تو دل ہی میں جائے
زباں گم ہو جو آئی ہو زباں تک

عدو کے ساتھ وہ خلق و تواضع
تھا ساتھ انکے بیرحمی بیاں تک

وفائے عشق سے میں باز آیا
بھلا جھیلے کوئی احساں کہاں تک

کسی بیدرد سے یہ رسمِ الفت
کہاں تک آہ اپنا دل کہاں تک

نہ کیجے تذکرہ میرا عدو سے
جہاں کی بات ہو پہونچی وہاں تک

شکایت سنکے وہ بیجا ہی اوٹھے
رہے خاموش گو شور و فغاں تک

نہ دب سجدہ پیشانی ہوئی جب
نہ پہونچا سر کسی کے آستاں تک

فقط تم لیا عدو میں بیٹھکے
شکایت آگئی اب تو زباں تک

نزاکت کہہ گئی نظروں سے تیری
ندامت کا بہانہ ہے زباں تک

نجو آئے جبیں وہ کہہ اٹھے آپ
بھلا سکتا نہیں میں تو زباں تک

بھلا دینگے ابھی شوکت کے نالے
تمہارا دل تو اپنا ہے آسماں تک

# ردیف گ

ہوتے ہیں کسکے وصل کے ساماں الگ الگ
پھرتے ہو تم جو مجھسے مری جان الگ الگ

ہے دل میں آرزو تو جگر میں کسکا درد
ٹھیرے ہوے ہیں دونوں یہ مہمان الگ الگ

سر رکھدیا جو میں نے سرِ راہ پاؤں پر
کہنے لگے بچا کے وہ ہاں ہاں الگ الگ

میں انکو دیکھکر تو وہ آئینہ دیکھکر
بیٹھے ہوے ہیں ششدر و حیراں الگ الگ

دونوں کو آرزو ہے مری جان آگائی
دل میں جگر میں ناوکِ مژگاں الگ الگ

ارمان و درد و حسرت و رنج و غم فراق
ہو آئے ہیں جان کا خواہاں الگ الگ

ٹکڑے کیے جبین لب کے لئے بوسے بار بار
نکلے تمام دل کے ارماں الگ الگ

اک بت کی زلف و رخ نے یہ ڈالا تفرقہ
ہندو الگ الگ ہیں مسلماں الگ الگ

تھا زمانے میں اودھین دراقِ یار ماتے
دونوں بجا ہو رہے ہیں پریشاں الگ الگ

حسرت یہ ہے کہ دل میں آ بسین
تیغِ نگاہ و ناوکِ مژگاں الگ الگ

وہ قہر کی نگاہیں ستم کرتی ہیں بپا
ہم غم و ملک سب ہیں پریشاں الگ الگ

تیغِ نگاہ و خنجرِ ابرو سے آپکے
زخمِ دل و جگر ہیں نمایاں الگ الگ

باقی ہے فرق زمین آسمان کا
ہے کوئی یار راہ میں عنوان الگ الگ

جوشِ جنوں میں کوٹھی و بستی کی طرح
چھانے ہیں جھنگے کوہ و بیابان الگ الگ

شوکت کو بھی وہ لکھتے ہیں خط او عدو کو بھی
لیکن یہ فرق ہے کہ ہیں عنواں الگ الگ

# ردیف ل

جب کہا مینے کیوں چرایا دل | ہنس کے کہنے لگے کہ اپنا دل
مٹ گیا خاک ہو گیا افسوس | ہائے وہ میرا پیارا پیارا دل
یہ غضب یہ ستم یہ جور و جفا | یوں ستاتے نہیں کسی کا دل
اٹھ تو اور میرے پہلو سے | لیئے کر چلا کنارا میرا دل
جب کہا مینے تمنے چھینا ہے | بولے کیوں لینے ہم چرایا دل
مجھ پہ مائل ہے مجھ پہ شیدا ہے | ان ہتھیں پایا ہے میرا دل
اب مری یاد او ناقدر آئی ہے | غیر کو دیکے آئے اپنا دل
پھر رہا ہے کسی کے کوچہ میں | ہو کے بیتاب مارا مارا دل
دیکھیا آپکی نگاہوں نے | چٹکیاں لے کے ستایا دل
حشر میں ظلم کا عوض لونگا | اسے ستمگار ہے ہمارا تھا دل

چلے اوس شعلہ رو سے شوکت
مفت میں آپنے جلایا دل

مانگتا ہوں جب اوس سے اپنا دل | ٹال دیتے ہیں کب لیا دل
پوچھا آپ سے ... | لائیے پھیر دیجے میرا دل
آج ستاتا ہوں میں بہت افسوس | تھا اندوہ و غم کا مارا دل
کہتے ہوئے ہمنے پائی ہے اک چیز | وہ نہیں اور کیا ہے میرا دل
کچھ حکم کیجیے آپ سن لیجے | کیا ہوا ہوگا فسانا دل
کیا کہوں کچھ کہا نہیں جاتا | ذات جس درد سے کراہا دل

جبین ہے جاکر اوسکے کوچہ میں — ہم بدل لائیں آج اپنا دل
دخلِ دشمن یہی رہا تو ایک — ہو چکا آپ کا ہمارا دل

لے لیا ہاتھوں ہاتھ اے شوکت
آج دزدِ حنا نے میرا دل

فنا ہو جا کرے گوہرِ خوش آب کا دل — دبا لے اوسکو یہ الماس رتاب کا دل
تمہاری مانگ پہ ہو جائے کہکشاں جو فدا — تمہارا عارضِ تاباں ہے آفتاب کا دل
اٹھا رہے جو ترے بالوں نے کہیں چھپا لے — تو آب آب ہوا شرم سے حباب کا دل
ہمارے لب پہ نقشِ پائی کیا عشق — ہمارے لئے جلے یہ کہاں کباب کا دل
جو اونے شکوہ درد کیا میں نے — تو لو لے کلیجہ تھامے شباب کا دل
فدا ہے اسپہ یہ جان جانِ عالم کی — نثار اسپہ ہے ایک شیخ و شاب کا دل
بھلا بتا تو ہی کیا ملا تجھے ظالم — عجب اوجاڑ کے اک خانماں خراب کا دل
ہمیں جو عشق سے مانع ہیں معرفت ناصح — محبت ہے کہیں آیا نہیں جناب کا دل

ادبی نہ عار کسیکی وہ تیلیاں اے شوکت
ہوا نہ ہو متحمل کبھی عتاب کا دل

# ردیف م

کیوں منہ بنائے بیٹھے ہو چپ چپ خفا سے تم
کیوں کیا ہوا کہ لڑتے ہو ناحق ہوا سے تم

ہے کل کی بات پھرتے تھے پیادہ در آسے تم
اڑتے ہو بات بات میں اتنو ہوا سے تم

زلف سیاہ سے پوچھلو دل چھینتے کے پیچ
چوری کی گھات سیکھلو دزد حنا سے تم

لو اور کوئی آنکھوں میں اپنی سما گیا
اب آؤ یا نہ آؤ ہماری بلا سے تم

کہتے ہیں سنکے شکوۂ بیداد حشر میں
اچھا کہو شکائتیں میری خدا سے تم

آنکھیں تو کہہ رہی ہیں جو گذرا ہے راتکو
اپنی زبان سے گو نہ کہو کچھ حیا سے تم

بیتاب دل ہوا ہی جفاؤں سے جور سے
بیزار ہو گئے گریہ و آہ و بکا سے تم

اب تک نہ رنگ لائی وفا درد غم شب
کب تک بچو گے جو ملی بیتہ دعا سے تم

ہم بھی تو سنائیں وجہ عتاب و ملال کی
واقف ہو کہ وہ حملہ تھا کس خطا سے تم

امید مٹ نہ جائے سہارا لگا رہے
بیٹھے … والا سے تم

انکار ہے عدو کی ملاقات سے تمہیں
کیوں جھوٹ بولتے ہو … کچھ خدا سے تم

آتے ہی پاس بیٹھے ہیں مہر و وفا کے ہم
… شیوۂ … وفا سے تم

پھر دیکھتے ہیں تمکو پریشان راندان
شوکت نظر پڑ آتے ہو کچھ مبتلا سے تم

زلف میں دل اپنا الجھاتے ہیں ہم
سر پہ اپنی بلا لاتے ہیں ہم

شیخ جی کعبہ مبارک ہو تمہیں
بتکدہ کی سیر کو جاتے ہیں ہم

اور اب نام و نشان کیا چاہئے
آپکے عاشق تو کہلاتے ہیں ہم

بات دن فرقت میں تیری بیوفا
دل کہیں اور دل کو سمجھاتے ہیں ہم

(۷۴) پا گئے دخل آپکی مجلس میں غیر — لیجئے تسلیم اب جاتے ہیں ہم

تیغ فرقت سے ہوا ہے چاک دل — تیری ابرو کی قسم کھاتے ہیں ہم

یاد ہے شوکت وہ کہنا وصل میں
اب نہ چھیڑیں آپ شرماتے ہیں ہم

مائل زلف پریشان گشته ام — از مسلمان نا مسلمان گشته ام
عاشق رخسار جانان گشته ام — کافر بودم مسلمان گشته ام
این شه طوق است از جنون در گردنم — قمریٔ سرو خرامان گشته ام
کشتهٔ تیر نگاه او شدم — بر کمان ابرو چه قربان گشته ام
داغها بر داغ دل افزوده ام — صورت سرو چراغان گشته ام
در خیال گیسو رخسار یار — گه پریشان گاه حیران گشته ام -
بیقرارم بهر آن پرده نشین — مبتلای درد پنهان گشته ام
کی خریدار شدم از جان و دل — بندهٔ آن ماه کنعان گشته ام
یافتم این رتبه در نخچیر ها — بستهٔ فتراک جانان گشته ام

شوکت از شاگردی استاد داغ
فخر صائب رشک سحبان گشته ام

## ردیف ن

محبت کا نہ پوچھو حال اتنا جانتا ہوں میں
کہ تم بیزار ہو جتنے بس اوتنا مبتلا ہوں میں

کسیکی جستجو میں ہائی ایسا گم ہوا ہوں میں
نہیں معلوم کہ لوگوں کو میں اور کیا ہوا ہوں میں

بگڑ کر وصل میں کہنا کسی کا ہے تمنا یہ
سنا لو جتنا باقی ہے کہ بس میں آگیا ہوں میں

تمہیں پر جان دیتا ہوں تمہیں پر دم نکلتا ہے
تمہیں پر دل سے شیدا ہوں تمہیں پر مبتلا ہوں میں

اشارہ ہو کسی ابرو کا خنجر ٹوٹتا ہے
قضا ہنس ہنس کے کہتی ہے کہ قاتل کی ادا ہوں میں

جنازہ پر مرے آ کیلو جب سینے کہا اونے
تو بولے کیا کروں جا کر جلا لوگا کہ خفا ہوں میں

نکلتی ہیں ہونٹوں پہ آہ دل میں درد اٹھتا ہے
اٹھا کر دل حسینوں سے غضب میں آگیا ہوں میں

یہ بے چینی یہ بیتابی یہ بے لطفی یہ بے خوابی
یہ باتیں صاف کہتی ہیں کسیکو چاہتا ہوں میں

ہمیں یہ ظلم لازم ہے تمہیں یہ جور زیبا ہے
تمہیں انصاف کہہ دو ہیں سے پوچھتا ہوں میں

کسی پر جان جاتی ہے کسی پر دم نکلتا ہے
کسی پر شیفتہ ہوں میں کسی پر مبتلا ہوں میں

بلایا اونکو جب مہمان تو کہہ بھیجا کہ آ شوکت
تری کیا بات سمجھا ہوں یہ چالیں جانتا ہوں میں

عشق کے ہم ستائے بیٹھے ہیں
دل پہ صدمہ اوٹھائے بیٹھے ہیں

کر ضبط اے دل مضطر
دیکھ اپنے پرائے بیٹھے ہیں

کیا ہے نیا نیا ہمنے
تازہ اک چوٹ کھائے بیٹھے ہیں

لو کسی سے لگائے بیٹھے ہیں

شمع کی طرح گھل رہا ہے بدن
اپنی ہستی مٹائے بیٹھے ہیں

ہو گئی کیا اس سے نیستی بڑھکر

مر گیا کیا کوئی رقیبوں میں
کیوں وہ آنسو بہائے بیٹھے ہیں

لو محبت کامیاب ہوا   کچھ وہ آنکھین چورائے بیٹھے ہین

دل بہا خون ہو کے یار ان اپنا   دان وہ مہندی لگائے بیٹھے ہین

ہے یہی دید کا اگر لپکا   جان آکدن گنوائے بیٹھے ہین

دل لیا ہے انہین نے شوکت کا

یہہ جو گردن جھکائے بیٹھے ہین

یہی جو دل سے بھلا رہے ہین یہی جو آنکھین دکہا رہے ہین

بسے ہین دل مین یہی تو میرے یہی نظر مین سما رہے ہین

ہم اونکی زلفون سے آج دل کا پرانے سودا چکا رہے ہین

وہی ہوا پہ جنون ہمکو وہی بلا سر پہ لا رہے ہین

غم والم آئے نکلے مہمان ہوئی ہے عیش و طرب کی رخصت

پڑی ہے ہل چل سی بزم دل مین وہ آرہے ہین یہہ جا رہے ہین

ادھر تو دکھلا یہہ دلولے ہین کہ دست گستاخ بڑھ چلا ہے

اودھر ستمگر وہ زانو مین کچھ اپنا سینہ چھپا رہے ہین

خیال کو اونکے یہہ کہا کہ لا الہ ہو نہادان اوٹھے نہ دل سے

سبک وہ ایسے کرنے تکلف مری نظر مین سما رہے ہین

بیان سے قاصد گیا ہے جب سے دعا یہہ دل سے نکل رہی ہے

یہی کہے آکے بار الہی کہ خود وہ تشریف لا رہے ہین

مصیبت و رنج و غم کا بدلہ سرور و عیش و نشاط دیکھا

تماملیگی اونہین جو ہمدم غریق بحر فنا رہے ہین

بپا ادھر ہے فغان و نالہ ادھر ہے بزم نشاط و عشرت

یہاں مر دم پہ بن رہی ہے وہاں وہ زلفیں بنا رہے ہیں

ہوا جو ہونا تباہ شوکت لب آب تر و فو ملاپ کر لو
کہ باہیں ڈالے ہوئے گلے میں ہمیں وہ لب سے منا رہے ہیں

سوزِ دل جب تک نہ ہو سوزِ بیاں ہوتا نہیں
نے جگر آشفتہ کے آتش زباں ہوتا نہیں

اپنے ہمسایوں کے ایذا دہ نہیں ہوتے شریف
خار و خس کا آتشِ گل سے زیاں ہوتا نہیں

انقلابِ دہر سے ہیں بے خطر رنگیں نہاد
گلشنِ یاقوت میں خوفِ خزاں ہوتا نہیں

خاک سے اخفائے جوہر ہے شرافت کی دلیل
آتشِ یاقوت سے شعلہ عیاں ہوتا نہیں

ہر خطر سے پاک تر ہے صحبتِ روشن ضمیر
آبِ گوہر سے کہیں طوفاں عیاں ہوتا نہیں

خانۂ چشم میں ہیں ختم یہ لعلِ رنگ
کچھ نہیں ہوتا وہ کہہ کر لطف عیاں ہوتا نہیں

پرورش لیوے رقیبِ بدشگون بد میں کیا
ہم ملول تم سے ملاقات جب ہوتا نہیں

یاں محبت ہے پر ہزار کی واں ہے عشق ہو
کو لبساہ ملک ہے یہ تم بیاں ہوتا نہیں

لاکھ یہ شوکت سب سے ہو گیا ہے ہمنشیں
خاطرِ احباب پر ہو گراں ہوتا نہیں

جان ہم تم پہ فدا کرتے ہیں
عشق کا فرض ادا کرتے ہیں

وصل میں مجھ سے حیا کرتے ہیں
نئی صورت سے جفا کرتے ہیں

خوبرو کرتے ہیں جو جا بیجا
خوب کرتے ہیں بجا کرتے ہیں

ہر دم آئینہ نہ دیکھا کیجے
دیکھیے آپ یہ کیا کرتے ہیں

ہم تری یاد میں اے وعدہ خلاف
روز مر مر کے جیا کرتے ہیں

قتل کے واسطے خنجر ہے طلب
جرم یہ ہے کہ دعا کرتے ہیں

ہجر میں آئی قیامت آتی
کل بھی کل روز سنا کرتے ہیں

کھلے اک روز تمنا دل کی　　اس تمنا مین رہا کرتے ہین
خط ملتے ہین جو وہ عزیزون کو　　اپنے ہم ہاتھ ملا کرتے ہین
شب کی وہ یاد و فغان سے میری　　تنگ ہمسایہ رہا کرتے ہین
حال دل کچھ تو بتا اے شوکت
کیون ترے اشک بہا کرتے ہین

نہ بیر اونکی وہ کل بھی چل جائے تو جانین　　ڈوبی ہوئی تقدیر اوچھل جائے تو جانین
دل کو جو کہے سو نکل جائے تو جانین　　یہہ آئی بلا سر سے جو ٹل جائے تو جانین
کانٹا سا کھٹکتا ہے خیال سر مژگان　　یہہ پھانس کلیجے سے نکل جائے تو جانین
جل جائے گے حشم مرادب سے تمہارے　　حسرت بہی اسیطرح نکل جائے تو جانین
ہمسے ہی بدلتے ہین ہمیشہ ترے تیور　　چتون تری اعدا سے بدل جائے تو جانین
اے نالۂ دل عرش ہلایا تو ہوا کیا　　ڈھا جائین وہ بہی اونکا دل جائے تو جانین
گھبرا بیٹھے ہین عزیز کے دیکھ کے سے ابالین　　فرزہ تو مرے ہاتھ سے جو چل جائے تو جانین
دل کو مرے پہلو ہی مین آتا ہے ملنا　　لوگون کو ملین اونکی جو کل جائے تو جانین
رونے سے تو ہین آپ اونسے مگر حضرت شوکت
دل آپکا اور رونے بہل جائے تو جانین

نہ پوچھو ہمسے کیون بیٹھے ہوے الفت باتین ہین　　وہ چرچے یاد آتے ہین وہ جلسے یاد آتے ہین
مرین ہم یا جئین پر آپ اوس کوچہ مین جاتے ہین　　جو ہونی ہو وہ ہو اب تو مقدر آزماتے ہین
طلب جب ایک بوسہ کی خفا ہین بگڑے جاتے ہین　　کبھی دشنام دیتے ہین کبھی آنکھین دکھاتے ہین
ستم تیر مرے نالے غضب کی چیز ہین دونون　　وہ میرا دل ستاتے ہین یہہ تیرا دل دکھاتے ہین
جواب نامۂ دلبر نہ لائے نامہ بر یا رب　　زبانی یہہ کہے آکر چلو تمکو بلاتے ہین

یہہ کس عتاب کی آنکھین ہمتین بیچین کرتی ہین
یہہ کسکے نالۂ دل رات بہر تمکو جگاتے ہین

نہ مین حرف غلط ہون جو اوٹہائین صفحۂ دل سے
نہ مین نقش کف پا ہون جو وہ مجکو مٹاتے ہین

شکایت سوز دل کی سنکر اونکا ناگہ یہ وہ کہنا
کوئی پہر کیون ملے ہمسے اگر ہم دل جلاتے ہین

مسیحا اوٹہ گئے بالین سے میری آج یہہ کہکر
یہہ بیمار محبت جی چہپالو ہمتو جاتے ہین

دل ناداں کو فرقت مین یہی کہہ کہکے روما ہے
ذرا ٹہرو کہ وہ کوئی دم مین آئے جاتے ہین

یہہ ایسا کمان کہ اوسکو چہپ کا جانا چہوڑ دین شوکت
نکلتے ہین ہمیشہ بار ہا اوٹہوائے جاتے ہین

ہم نہ کہتے تہے کہ الفت کا مزا کچہہ بہی نہین
دیکہلیے کہتین دل زار رہا کچہہ بہی نہین

شرم کے سامنے انداز و ادا کچہہ بہی نہین
کون کہتا ہے حجاب اوڑہیا کچہہ بہی نہین

چہوٹ وہ عشق مین کہائی کہ نہین جسکا علاج
[illegible] دل مین اثر جا کی دوا کچہہ بہی نہین

ستم و جور کے بعد آپ پشیمان کیون ہین
آپکے سر کی قسم ہمکو گلا کچہہ بہی نہین

نہ انہین انداز بہی ہے ناز بہی ہے حسن بہی ہے
یہہ تو سب کچہہ ہے مگر مہر و وفا کچہہ بہی نہین

شادی و عیش بہی تہے راحت و آرام بہی تہا
اتنا اسے یاس مگر دل مین رہا کچہہ بہی نہین

ترے بیمار نے غیبت سے مصیبت دیکہی
کچہہ تو یہہ ہے کہ محبت مین مزا کچہہ بہی نہین

جان کو بیچے ہی ہم عشق مین کر بیٹہے ہین
لیگئی کیا آکے مرے پاس قضا کچہہ بہی نہین

جب کہا مینے عرض کیا ہے وفا میری
ہنسکے منہ پہیر کے ظالم نے کہا کچہہ بہی نہین

نہ جگر ہے مرے سینہ مین نہ دل اے شوکت
حسرت و یاس و تمنا کے سوا کچہہ بہی نہین

پایا ہو مین انداز ترچہی نگہین مین
کچہہ کیفیت دیدار مین کچہہ حیلہ وفن مین

وحشت زدہ رہتے ہوئے دیکہے ہین مین
بہلے گی طبیعت مری کہسار مین بن مین

[illegible]

[illegible]

ہون صحبتِ احباب جنکا پر سبب جدا ہون
کیفیت غربت مجھے حاصل ہے وطن مین

یون کرتے ہین ... ہو بیمار کی اپنے
ہم ہونگے شریک آپکے ... گور و کفن مین

گل ہین عرقِ شرم مین ترغنچے ہین چپ چپ
اوس شوخ نے وہ رنگ جمایا ہے چمن مین

کیا حضرتِ دل ایک ہی بتین گہر سے ہو بڑھتی
اندھونکی طرح گرتے ہو کیون چاہ ذقن مین

ہم تیرا تری یاد تری حسرت و ارمان
کس چین سے ہین اوس دلِ پر درد و محن مین

ان چار مکہ ... ہین بس حضرتِ شوکت
کہسار مین جنگل بیابان مین بن مین

تو آج ہے گلشن مین تو وحشی تر ابن مین
اک لطف بیابان مین ہے اک سیر چمن مین

ہم مرگئے صدمے تبِ فرقت کے اوٹھا کر
افسوس کہ تاثیر نہین رنج و محن مین

مین کہیچون اگر آہ تو جلجائے بیابان
اوس برقِ تبسم سے لگے آگ چمن مین

ہم ہجر مین مرجائین ترپکر تو اونہین کیا
تاثیر کہان حضرتِ دل درد و محن مین

نامہ کو لگی آگ کبوتر کے جلے پر
کیا جانئے لکہا اونہین کیا دل کی جلن مین

کہتے وہ کبھی بات تو کوئی کبھی سنتا
بیہوش ہین مجکو کلام اونکے دہن مین

آغوش مین دشمن کی مریجان نہ بیٹھو
کہتا ہے زمانہ کہ ہے خورشید گہن مین

پایا نہ اثر شیون و فریاد مین ہمنے
تاثیر نہ دیکھی الم و درد و محن مین

شوکت کی خداداد طبیعت کے مین قربان
پاتے ہین مزہ اہلِ سخن اوسکے سخن مین

حالِ عاشق پیدری جان لٹا ہے سو ہین
مرچلا ہجر مین وہ تمکو خبر ہے کہ نہین

عشق کی حد جانئے جز ہے کہ نہین
ہے خبر ہی اگر اونکو تو اثر ہے کہ نہین

[illegible] کر دیں لیے لیے
یاالہی شب ہجران کی سحر ہے کہ نہین

جون تو [illegible] جگر سینہ مین
کچہہ منہ تجکو بہی اے دیدۂ تر ہے کہ نہین

ہم سے عاشق ہی بیتاب ہے اور پیدا تنا لا لم
کچہہ خدا کا بہی تجہے خوف و خطر ہے کہ نہین

کہتے ہین مری بلا جانے مجھے کیا معلوم
درد دل ہے کہ نہین درد جگر ہے کہ نہین

[illegible] سے نے مجاب [illegible] اونہار کہا ہے
تجکو بہی دیدۂ شوق اسکی خبر ہے کہ نہین

آگے پیتر نکلہ گا تو بہلا کیا کہنا
دیکہنا یہ ہے کہ دل سینہ سپر ہے کہ نہین

مجھکو کچہہ بہی نہین کہتے دل مضطر تجہے
آپ تو سوچلے الفت مین منر ہے کہ نہین

بات ہم اک بات تو ہوجاتی ہے پیدا شوکت
یہہ خدا جانے محبت مین اثر ہے کہ نہین

مر گئے ہین انتو عزیزونکے وہ اثر ہوتے جاتے ہین
اقیب دشمنان جامہ سے باہر ہوتے جاتے ہین

اونہین نام خدا جون جون جوانی آتی جاتی ہے
شرارت بڑھتی جاتی ہے ستمگر ہوتے جاتے ہین

الہی شان ہے تیری خدایا تیری قدرت ہے
کہ جتنا موم ہوتا ہون وہ پتہر ہوتے جاتے ہین

وہ گہر غیرونکے جاتے ہین تو شوخی دیکہنا انکی
حیلا نیکو مر گئے کہ بہی وہ اکثر ہوتے جاتے ہین

مکدر اس سی کدورت انکو نہ بڑھتی جاتی ہے
وہ ناحق پہر مکدر سے مکدر ہوتے جاتے ہین

زہے مہر و وفا چہوڑی کیا ظلم و ستم شیوہ
جفا و جور سے انتو وہ خوگر ہوتے جاتے ہین

الہی کیا ہوا انکو سنا ہے آجکل ہمنے
کہ شوکت بہی کسی بت کے مسخر ہوتے جاتے ہین

بہ لو چتون اسے ناوک فگنی کہتے ہین
کہینچا ابرو اسے شمشیر زنی کہتے ہین

نہ کبہی ہتی نہ ترنے جور کی حالت کہتے
اب نگر دم ہی پہ جب آبنی ہی کہتے ہین

آنکہہ نے تیری رہ عشق مین دل لوٹ لیا
اور پہر کسکو بہلا راہ زنی کہتے ہین

[illegible] خنجرِ یار سے [illegible] کہتے ہین

زاھد و ہو کے محبت اوسنہ چاھو مجھسے
اپنے مذھب مین اسے دلشکنی کہتے ہین

کیا کہین کچھ گذرتی ہے وہان کیا جاکر
لوگ پھر بھی ہمین قسمت کا دھنی کہتے ہین

نہ بچا دل نہ جگر بچتے ہی اک قطرۂ اشک
دیکھ قاتل اسے ہیرے کی کنی کہتے ہین

کیا مرے پاس ہے اس دل کے سوا اور بھی کچھ
مجکو ھر بات پہ کیون آپ غنی کہتے ہین

ملکے باہم تری مژگان نے ترے ابرو نے
کوچۂ زلف مین کی راہزنی کہتے ہین

خلق مین حسن خداداد ملا ہے تجکو
اسلئے لوگ تجھے رام جنی کہتے ہین

ھون اوسیکے درِ اقدس کا غلام اے شوکت
سب مجھے ہمین جسے مکی مدنی کہتے ہین

کبھی مضطر کبھی ششدر کبھی حیران ہو ہمین
ھدفِ ناوکِ نیرنگیٔ دوران ہو ہمین

ھون وہ دیوانہ مجھے دیکھکے مجنون نے کہا
آپ اوستاد ہین اور طفلِ دبستان ہو ہمین

کیا کہون کون ہو ہمین کیا ہے حقیقت میری
آپ پر دل سے فدا آپ پہ قربان ہو ہمین

سر مرا تن سے جدا اوسکے سبکدوش کیا
خنجرِ یار ترا بندۂ احسان ہو ہمین

کبھی مجنون مجھے کہتے ہو کبھی دیوانہ
واقعی ایسے ہی القاب کے شایان ہو ہمین

لطف کیا کیا نہ دیے انکے کرم نے شوکت
حضرتِ دل کا شب و روز ثناخوان ہو ہمین

نظر سے کام اچھا آپ یہ ھر آن لیتے ہین
کسیکا دل چراتے ہین کسیکی جان لیتے ہین

ھمیشہ ھجر مین وہ نیمجان مرتے ہین عدو اُسے
اجل کا سر پہ کب عاشق ترے احسان لیتے ہین

چھپائے سے کہین چھپتی ہے الفت تاڑ لینے والے
نظر سے جان جاتے آنکھ سے پہچان لیتے ہین

جوانی جوش پر آئی آنکھون پر شباب آیا
ھماری دل مین ھر بات اپنی مان لیتے ہین

[illegible] ہو ہے جو ہم پہ [illegible] دل و جان باتون باتون مین یہی نادان لیتے ہین
دھیر سوا اگر [illegible] باتین جو آتے جاتے ہین مجھے قربات مین کیون آپ ناحق سان لیتے ہین
مجھے کچھ تو آنکھ ظالم جو بھیر [illegible] والا و شیدا مٹا کر حسرتین ساری یہ تیر ارمان لیتے ہین
ابھی [illegible] باقی ہے کوئی لاکھ سر مارے دعی کرتے ہین جو دل مین وہ اپنے ٹھان لیتے ہین

اگر وہ قتل کرتے ہین تو شوکت کیا گلہ ادنا
کہ جنپر جان دیتے ہو وہی تو جان لیتے ہین

کبھی گالیان نہ دے کوئی تمکو عتاب مین جیسی کہیگا ویسی سنیگا جواب مین
آیا ہے میری قبر پہ وہ شہسوار حسن انداز و ناز و غمزہ کو لیکر رکاب مین
پہلو ہر ایک لفظ مین لکھے ہین سیکڑون لکھون تو کیا لکھون او ہین خط کے جواب مین
کہائین گے منہ کی حضرت دل ایکدن ضرور گستاخ ہو چلے ہین کسیکی جناب مین
آیا جو دل مین ہائی وہ سب اونسے کہدیا سوچا برا بھلا نہ ہمین اضطراب مین
ہان عقل و صبر و ہوش مبارک سفر تمہین گہر عشق نے کیا دل خانہ خراب مین
دل خاک ہو گیا تو جگر خون ہو گیا باقی ہے ایک جان تو وہ کس حساب مین
منہ کیون [illegible] وہ تکیہ مجھے سرمہ بنا کے اب مین خاک ہو گیا ہون رہ بو تراب مین

دلکو فدا عشق کیا جان نذر غم
اب کیا رہا ہے شوکت خانہ خراب مین

او ہین وان رقیبون سے فرصت کہان ہمین یان وہ پہلی سی چاہت کہان
یہ شوخی یہ دھج یہ شرارت کہان قیامت کہان تیرا قامت کہان
ہمین اب ہے تیری محبت کہان وہ الفت کہان وہ طبیعت کہان
[illegible] کہان

[illegible] تو ہم کیا کرین — ہمین اپنے ہی غم سے فرصت کہان
[illegible] لاہین عشق دم توڑ کر — مگر ضعف سے اتنی طاقت کہان
[illegible] کبھی چین سے ایکدم — یہ سمجھے ہے محبت مین راحت کہان
کمر بھلا ترے لب سے کیا ہمسری — کہ یہ برگِ گل مین نزاکت کہان
نہین میرے سینہ مین دلکا پتا — خدا جانے پہونچے یہ حضرت کہان
زمانہ ہوا اونسے چھوٹے ہوئے — مگر پھر بھی کمبخت نفرت کہان
مرے دلکو تنہا شبِ ہجر مین — گئے چھوڑ کر عیش و راحت کہان
[illegible] خط پھاڑ کر — مجھے اسکے پڑھنے کی فرصت کہان
زمین آسمان کا یہان فرق ہے — سقر اگر کہان اور جنت کہان
مجھے دیکھکر عشق مین وہ ڈر گئے — کہ دیکھی نتھی پہلے یہ حالت کہان

پشیمان ہو گئے اوسے چاہ کر
گنوایا ہے دل تمنے شوکت کہان

یون وہ در پردہ عدم مجھکو دکھا دیتے ہین — نام لکھتے ہین مرا اور مٹا دیتے ہین
سب کی باتونکا جو ہم اونکو بتا دیتے ہین — وہ بگڑ کر ہمین دس بیس سنا دیتے ہین
کیا بتاؤن جو وہ آتے ہین تو کیا دیتے ہین — عیش دیتے ہین مجھے رنج مٹا دیتے ہین
چھین لیتے ہین مرے دلکو دکھا کر جوبن — جب وہ ہنستے ہین مرے دم پہ بنا دیتے ہین
کیا بتاؤن طلبِ بوسہ پہ کیا ملتا ہے — گالیان مجھکو وہ دو چار سنا دیتے ہین
جبکہ تو قبل سے ہی آپنے انکار کیا — غیر نے بوسہ جو مانگا تو کہا دیتے ہین
رکھ کے خنجر مری گردن پہ وہ بولے مجھسے — لے بتجھے آج محبت کا صلا دیتے ہین

... چال
بلبلوں باتوں میں وہ دیوانہ بنا دیتے ہیں

غیر جو چاہے کہے کچھ نہیں کہتے اوسکو
ہم جو بولیں ہمیں محفل سے اٹھا دیتے ہیں

جا کے اوس بزم میں حضرتِ ناصح ہر روز
کیا بتائیں ہمیں کیا لیتے ہیں کیا دیتے ہیں

اور بھی چاہتے ہیں بھولے اونکو بھی کبھی
آپ شوکت ہی کو کیوں دل سے بھلا دیتے ہیں

پیدا دھمکی کو کسی اے جنگجو نہیں
رنجش نہیں غضب نہیں رشکِ عدو نہیں

شبِ وصال میں آنکھیں چرا کے ہائے
کہنا کسی کا انکو کوئی آرزو نہیں

... قتل بھی اور یہ بھی کہتے ہیں
قابل ہماری تیغ کے تیرا گلو نہیں

... وہ ہم سے جب بات ... تھے
اللہ کی قسم مجھے وہ آرزو نہیں

... کون قتل سنا کر کہا مجھے
میں نے کہا جو میں تو کہا ... تو نہیں

... ہیں زادہ آمنگیں کہاں سے ہوں
وہ شوق ہے نہیں ...

شوکت کے پاس آئیے گا ...
اوسکی بھی بیوفاؤں سے ملنے کی خو نہیں

اونہیں کا ذکر ... اونہیں کو یاد کرتے ہیں
اونہیں ہم سے محبت ہو نہ ہو ہم اونپہ مرتے ہیں

ذرا الطاف کیجے دل میں اتنا بھی تغافل کیا
بنے یا کوئی بگڑے آپکے گیسو سنورتے ہیں

حسیں کیا کوئی دم دیگا حسین ہم نے زمانہ کے
بہت چالاک دیکھے ہیں بہت عیار برتے ہیں

مخالف قول سے ہو جائے اونکا فعل کیا ممکن
اولوالعزمانِ باہمت جو کہتے ہیں وہ کرتے ہیں

حسین عالم میں لاکھوں ہیں مگر اونسا نہیں کوئی
نہ یہ نظروں پہ چڑھتے ہیں نہ وہ دل سے اوترتے ہیں

فلک ... دشمن کچھ ہمارا کر نہیں سکتے
جو تو برہم نہ ہو تو کب ہم ان دشمنوں سے ڈرتے ہیں

... تیر لہو سے تیغ رنگین ہے
مگر پھر بھی وہ میرے قتل کرنے سے مکرتے ہیں

[illegible]

ساتھ معرفت شوکت اسی کا فر چشم ہیں

مہکی تبسیم یون بکہیرا دیا ہر ایک مہمان کو
جگہ دی دل مین حسرت کو جگر مین تیر و پیکان کو

تمہارے ہاتھ کو لپکا ہے دامن چاک کر تیغا
حفاظت سے ذرا رکہیے قیامت اپنے داماں کو

وہ جو کہارات بہر سو ملی کہیں تا سے دُور کر
کہا تہا ہمنے اوس کمسن سے کیون خواب پریشان کو

آپسے ہی چہین لو اوسکو ہی دل کیسا تہ منگوالو
بتہ ہے تیر کا جگر ماہی تباد و تیر مژگان کو

خدا سے دست وحشت سے گریبان جانکر میرا
کہین یہہ چاک کر ڈالے نہ اونکے جیب و داماں کو

وہ گیسو اور زلفین بار بار آتی ہین عارض پر
دیا رکہا ہے ملکہ کا فرو نے کیا مسلمان کو

ہوا ہے حاکم کس کمبخت کو گہر مین نہ آنیگا
یہہ کس کے واسطے تاکید ہے رہ رہکے دربان کو

ستمگر نے رفتہ رفتہ دین و ایمان چہینکر میرا
خدا کی شان کافر کر لیا مجہسے مسلمان کو

وہ کج اخلاق و بدخو ہے تو آکر رشک جنت سے
نہ رضوان کہہ سکین تم اور نہ مالک تیرے دربان کو

سمجہہ ہی جائینگے احباب ہمدم تار ہی لینگے
چہپائینگے کہانتک ہم کسیکے عشق پنہان کو

ملیگی خلد مین جب حسب خواہش سبکو آسائش
خدا سے مانگ لینگے ہم وہان اوس نا مسلمان کو

الٰہی دامن دل سے مرے داغ گنہ دہو دے
تصدق اپنی رحمت کا مٹا دے جرم و عصیان کو

شکایت کرتے پہرتے ہو جو شوکت اوسکے ظلمونکی
دیا تہا سوچکر کیا تمنے دل اوس آفت جان کو

جب نہ ہو سینہ مین دل ہی تو یہہ ارمان کیون ہو
میزبان ہی نہ ہو موجود تو مہمان کیون ہو

روئی روشن کو چہپایا نہ کرو پردہ مین
شمع رخسار چراغ تہ داماں کیون ہو

میرا اُجڑا ہوا دل دیکہکے حسرت نے کہا
ایسے ویرانے مین آکر کوئی مہمان کیون ہو

ہے جو مرنا ہے عدو کو تو مرے اور کہین
آپکی جان سے دور آپ پہ قربان کیون ہو

[illegible]

مر گیا میں تو تمہارے یہ ندامت کیسی
تم مرے قتل کے کیا بعد پشیمان کیوں ہو

حسرت و یاس میں عمر رہے ارمان رہے
غیر کا خانۂ دل عشق میں ویران کیوں ہو

جب کہا بیٹھتی پاس نہیں کچھ میرا
کس ڈھٹائی سے کہا اوسنے کہ [illegible] کیوں ہو

شرکت محفل اغیار کے شکوے پہ کہا
تمکو کیا کام ہے تم میرے نگہبان کیوں ہو

وہ ملینگے تجھے مایوس نہ ہو اے شوکت
جو نہ پورا ہو کبھی وہ ترا ارمان کیوں ہو

الفت چشم نے بخشا ہے یہ رتبا مجھکو
دیتے ہیں آنکھ میں مردم جو ٹھکانا مجھکو

سر جھکا کر وہ کسی بت کا یہ کہنا کہ بت وصل
ہائے تمنے تو کہیں کا بھی نہ رکھا مجھکو

تیری آنکھیں مجھے بیمار بنا رکھینگی
مار ڈالیگا تری زلف کا سودا مجھکو

کسکو سب کہتے ہیں محبوب زمانہ — تمکو
کسکو سب جانتے ہیں عشق میں یکتا — مجھکو

اے تصور ترے قربان کچھ ایسا ہو جائے
آئے حسرت میں نظر یار کا جلوا مجھکو

بزم میں لے تو چلا ہوں کہیں رسوا نہ کرے
میرے پہلو میں مچلکر دل شیدا مجھکو

طعن تھا یا مری الفت کا اثر تھا کیا تھا
آج کیوں اوسنے کہا چاہنے والا مجھکو

گر چکا ہی تھا نظر سے تری آنسو کیطرح
ہوش کی طرح مگر خوب سنبھالا مجھکو

سانپ سا لوٹ گیا دل پہ مرے فرقت میں
یاد آئی جو تری زلف چلیپا مجھکو

غیر کو لاکے خطا دینے بٹھایا سر بزم
اور بیجرم ہی محفل سے اوٹھایا مجھکو

شغل دلدار نگاہو نہیں لیتی ہے شوکت
دل میں آتا ہے نظر یار کا جلوا مجھکو

ہائے یہ بیخودی شوق نے کھویا مجھکو
کہ پتہ ہی نہیں ملتا کہیں میرا مجھکو

[illegible] نزع میں اوسنے عجب یاس سے دیکھا مجھکو

ہائے [illegible] کیسا کہنا — تو ہی جا دیکھ اگر ہاتھ لگا یا مجھکو

[illegible] ستایا - میرا — کسکو عالم میں کیا موت ہی رسوا - مجھکو

[illegible] جہکا کر سرِ محفل اوسنے — دل ہی جانے ہے جس انداز سے دیکھا مجکو

کب سے مشتاق ہے صحرا رتبا بابِ جنون — سر عزو کیجیو اے آبلۂ پا مجھکو

[illegible] پر ہیچ نے کہو یا ہی تہا اسلام مرا — خوب رو کا ہے مگر اسے رخِ زیبا مجھکو

دیکھو آئینہ نہ دیکھو کہ ہو گے حیران — اور یہ دیکھکے ہو جائیگا سکتا مجھکو

سچہ کہا آپنے وہ آپکے کس مصرف کا — پہیر بہی دیجئے دل شوق سے میرا مجھکو

اب تو رنج کا کیا رنج ہے کیون صدمہ ہے — بزمِ عشرت سے اوٹہا نا تہا اوٹہا یا مجھکو

ابہی کچھ شک نہیں سچہ کہتے ہو لاریب فیہ — مجھکو نفرت رہی اور آپنے چاہا مجھکو

اور جو ظالم کر دے سب عمر سے سر آنکھون پر — ہان مگر ہجر کا صدمہ نہ دکہانا مجھکو

شمع ساں گرد وہ کیا جانئیں عجب کیا شوکت
دیکھہ پائیں جو شبِ ہجر میں جلتا مجھکو

دوستو میرے تڑپنے کی خبر جانے دو — یہی کیا کہیئے وہ مرتا ہے تو مر جانے دو

بات بہی جاتی اقرار سے اے حضرتِ دل — وصلِ دشمن پہ وہ مکرین تو مکر جانے دو

اور ٹہیرو مری بالین پہ ذرا دم لیلو — مجھکو دنیا سے مری جان گزر جانے دو

حضرتِ دل نہ کرو اونکی جفا کا شکوا — کہیں اونتک بہی نہ پہونچے یہ خبر جانے دو

آ گیا جبر سے جو بن بہی سمجھہ بہی آئی — اب جبتک چہوڑ دو یہ وصل کا ڈر جانے دو

مجھسا جانباز ملا ہے نہ ملیگا کوئی — تم مرے قتل پہ باندھو نہ کمر جانے دو

کہتے ہیں آئینگے ہم سیکڑون بار آئینگے — لیکن اسکی شرط یہ تم آج اگر جانے دو

بار بار اونکا وہ کہنا کے یہہ کہنا شب وصل
صبح ہو جائیگی شوکت مجھے گھر جانے دو

وہ دل نہیں کہ محبت مین بیقرار نہ ہو
جگر نہین جو ترے تیر سے فگار نہ ہو

الہی چین سے بیچین کر دیا جسنے
اوسے بہی چین نہ آئے کبہی قرار نہ ہو

وہ ہاتھ رکہکے شب وصل میرے سینہ پر
یہہ کہہ رہے ہین کہ لے اتنو بیقرار نہ ہو

نہ دل کوئی نہ جگر ہے کوئی زمانہ مین
تمہارے ناوک مژگان کا جو شکار نہ ہو

وہ سہم جائینگے کمبخت ہین اے دل مضطر
تو اونکے سامنے اتنا تو بیقرار نہ ہو

شب فراق یہہ تاکید ضبط ہے مجہپر
کہ لب پر آہ نہ ہو چشم اشکبار نہ ہو

دعائین مانگ رہا ہون خزان کے آنیکی
جو تم نہ آؤ تو یہہ موسم بہار نہ ہو

ہمارے سینہ مین رہ رہکے درد اوٹہتا ہے
کسیکے تیر نگہہ سے جگر فگار نہ ہو

قبول ہمکو بلائین جہان کی لیکن
غم فراق نہ ہو جوش انتظار نہ ہو

تمہارے دکھا مدا وا ہے کولسنا شوکت
شب وصال مین بہی جب ہمین قرار نہ ہو

اونکی محفل مین گرا شمع پہ جل جانیکو
سامنے میرے یہہ جرات ہوئی پروانیکو

گر یہہ آنیکو ہے اب ضعف مین غش آنیکو
جان جانیکو اک آمین دل جانیکو

کیون نہ بہی بزم مین چاہے مرا جل جانیکو
عاشق زار لقب دین جو وہ پروانیکو

اونکے آتے ہی کب ارمان دلی بر آئے
کوئی حسرت نہ رہی دلمین قسم کہانیکو

تیری بد خوئی سے گر انداز ہی کہین اوسکی
اور تو کیا کہون ظالم ترے شرمانیکو

یار آئے ہین جانیسے وہان حضرت دل
ہمتو سو مرتبہ سمجہا چکے سمجہانیکو

پیر فلک تیرے انداز و غضب ہیں دونوں
ہے یہ ڈہانیکو فلک لو وہ ستم ڈہانیکو

پاس ہے آپکی رسوائی و بدنامی کا
ورنہ اک کھیل سمجھا ہو میں مر جانیکو

مر گیا ہجر تو کیوں آپکو افسوس ہوا
سیکڑوں عشق میں مرجاتے ہیں مر جانیکو

وعدہ آنیکا کبھی تمنے کیا ہے ایفا
میرے سر پر نہ رکھو ہاتھ قسم کہا نیکو

بزم میں اونکی اگر ہے ہیں جلتی نہ ملے
اشک تو ہمنے لگا رکہے ہیں پی جا نیکو

روک لے اونکو تو جانیں تجھے اے جذبۂ دل
مستعد بیٹھے ہین وہ غیر کے گھر جا نیکو

یہ اشارہ ہے کسی اور کے ورنہ ہرگز
غیر کو کاتبِ اعمال نہ لکھتا ہے نیکو

چھیڑنا قصۂ غم اونسے نہ ہرگز اے دل
مستعد بیٹھے ہین اسدم وہ چل جا نیکو

اب کہاں جائیگا کوچہ سے ترے شوکتِ زار
نقشِ پا بنکے رہیگا یہین مٹ جا نیکو

## ردیف ھ

جستجو ہے ہوا زلفِ گرہگیر کے ساتھ
پاؤں بند ہوئے آ جنوں نے مرے زنجیر کے ساتھ

جب گیا میرے دلِ زار گیا میرا کہنا ن
ہائے کس پاس سے حسرت نے کہا تیر کے ساتھ

آگئے تقدیر سے قسمت ہے لکھا اپنا
لے تو آئے ہیں اونہیں راہ پہ تدبیر کے ساتھ

ہوش نیچے ہوں نزاکت سے اگر ہو منہ کہیں
لب بلب خوابِ لقور میں بھی لقور کے ساتھ

ہم بتا دیں تجھے ہوتا ہے جو الفت کا اثر
ربط ہو جائے اگر آہ کو تاثیر کے ساتھ

دشمنی پڑ گئی کیا جانے کیا نکی باہم
درد کو ضبط کے ساتھ آہ کو تاثیر کے ساتھ

ہائے ہمدرد نہیں کوئی بھی اپنا شبِ غم
اونکو لے آئے منا کر کسی تدبیر کے ساتھ

بزم سے ہمکو سبک کر کے اوٹھایا اونسے
غیر محفل میں بٹھائے گئے توقیر کے ساتھ

ربط سا ربط ہے خنجر کو گلے سے میرے
عشق سا عشق ہے دلکو ترے تیر کے ساتھ

نامۂ شوق کا اتنا نہ پھرا لیکے جواب
لیجئے قاصد بھی گیا ہاتھ سے تحریر کے ساتھ

بات کرتے ہیں بیاں آتش نکل آتے ہیں
پھول جھڑتے ہیں اگر آپکی تقریر کے ساتھ

ہو گئی اور بھی سو نیمیں سہاگا گویا
اونکی نالی کی صدا ملکے مزامیر کے ساتھ

ہائے شوکت تجھے سمجھائے کہاں تک کوئی
چھوڑ للہ محبت کسی تدبیر کے ساتھ

کھلتی ہے کوئی شوخئ تقدیر کی گرہ
اور یہ گرہ بھی وصل کی تدبیر کی گرہ

سر چڑھکے ہو گئی شانہ تو دیکھئے
کہدی ہے اوسکی زلفِ گرہگیر کی گرہ

رنج و غم فراق کا ہمسے گلا ہے
ہے اب یہ اپنی شوخئ تقدیر کی گرہ

تڑپیگا مرغِ دل ترے شمشیر سے
کھولیگا دام جوہرِ شمشیر کی گرہ

[illegible] دل میں [illegible] زیر و زبر آیا — [illegible] کی گرہ

رنج و الم کو میرے بدلے نشاط سے — یارب تو کھول دے مری تقدیر کی گرہ

محتاج کو ہے نعمتِ دنیا کی آرزو — منعم کے دل میں خواہشِ اکسیر کی گرہ

یا اپنی جان دیتے ہیں یا کھولتے ہیں آج — بندِ قبائے دلبرِ بے پیر کی گرہ

یارب الم سے تنگ ہے شوکت کی جان پر
کھل جائے اب تو شومیِ تقدیر کی گرہ

## ردیف ی

جچتی ہے تجکو سرورا سب سروروں کی سروری
زیبا ہے پھولنے سر پہ تیری سب غرض بالاتری

ہے عاشق تیرا شان کا واصف تیرا قرآن ہے
وہ حسن ہے یہہ شان ہے تھا عجائب دلبری

جب کہیں شاہ عشیا میدان محشر میں معین
باشد کہ از بہر خدا سوئے غریبان بنگری

آفاق میں جن و بشر دیو و پری حور و ملک
دیکھے سنے یہہ سب کے سب لیکن تو چیزے دیگری

لو میں گلاب و مشک سے در عدن سے آب میں
صورت میں بہتر قمر ماہ سے ور زبرگ گل نازک تری

عیسی کہوں یونس کہوں موسے کہوں یوسف کہوں
جو کچھ کہوں تجکو میں کہوں شاہا ازان بالاتری

جو کچھ کہ شاہ عشیا مجھ سے بیان تیری صفت
افضل ہے اوس سے جو کہوں ور حرچہ گویم بہتری

انجم نثار شاہ ہیں گردوں فدا ہے نام پر
قربان ہیں شمس و قمر مریخ زہرہ مشتری

عرش بریں سے دہ دو چند ہو کر مدینہ کی زمین
کہتی ہے شوکت فخر سے من دیگرم تو دیگری

گلا چھری کیلئے ہے جگر سنان کیلئے
یہہ سر بنا ہے ترے سنگ آستان کیلئے

ہجوم غم دل نالان کو ساتھ لیتا جا
جرس بھی چاہئے ہمراہ کاروان کیلئے

عدو کی بات بنے کیوں نہ اوس کی محفل میں
اثر بیان کیلئے ہے بیان زبان کیلئے

ہمیں یہہ دور سے تلوار کیا دکھاتے ہو
جو حوصلہ ہے تو پاس آؤ امتحان کیلئے

کلام تلخ سنا جب سنا ترے منہ سے
مگر رقیب نے بوسے تری زبان کیلئے

مرا جگر ہے کلیجہ ہے سر ہے سینہ ہے
چھری کے تیر کے تلوار کے سنان کیلئے

مگر اثر کس ہے تاثیر کو دعا سے مری
اثر ہے کسکے لئے غیر کی زبان کیلئے

گزاری ہجر کی رات اور شب وصال عدو
گجر بجے نہ موذن اوٹھے اذان کیلئے

[illegible]

ہمارے قتل کو ظلم و جفا مرے دلکو
الٰہی جور و ستمہائے آسمان کیلئے

دکھا رہے ہیں مژگاں سیاہ دلنشیں کوئی
تمہاری ابروئے خمدار بھی کمان کیلئے

عجیب بات ہے کیوں چاند پرستارے ہیں
یہی مثال ہے روئے عرق فشاں کیلئے

ضرور بر سرِ رحم اب وہ آئیگا شوکت
ستم بپا ہی ہیں اونے آسمان کیلئے

ٹھہرا کے دلکو چشم فتنہ زا کچھہ اور کہتی ہے
وہ گیسو اور کچھہ زلفِ رسا کچھہ اور کہتی ہے

حیا سے بات بھی کرتی جنہیں کل تک نہ آتی تھی
خدا کی شان آج اونکی ادا کچھہ اور کہتی ہے

ہمارے قتل کا الزام دیکھیں کسکے سر ٹھہرے
ادا کچھہ اور کہتی ہے قضا کچھہ اور کہتی ہے

لڑکپن میں بھی تھیں چشم بد دور آپ عالم تھا
جوانی جیسے نام خدا کچھہ اور کہتی ہے

دعائیں مانگتے پڑتے ہیں سب احباب جینے کی
سرہانے بیٹھ کر ہنسکر قضا کچھہ اور کہتی ہے

ہم اپنا خون سمجھے تیغ ستمگر تیری گردن پر
مگر ان گورے ہاتھوں کی حنا کچھہ اور کہتی ہے

ادھر شوخی سکھاتی ہے شرارت اونکی نظروں کو
اودھر نیچی نگاہوں سے حیا کچھہ اور کہتی ہے

جوانی میں خدا جانے یہہ کیا کیا رنگ لائیگی
لڑکپن ہی میں جب تیری ادا کچھہ اور کہتی ہے

مرے اعمالِ بد کی جو سزا ہو وہ بجا زیبا
تری رحمت مگر بار خدا کچھہ اور کہتی ہے

یقیں ہے پارسائی کا تری شوکت ہمیں دل سے
مگر بگڑی ہوئی اونکی ادا کچھہ اور کہتی ہے

ستانا مرا تمکو زیبا نہیں ہے
ذرا سوچو دل میں اچھا نہیں ہے

شکایت بجا میری بیجا ہے بالکل
بجا ہے ترا ظلم بیجا نہیں ہے

ترے خنجر ناز سے قتل ہو کر
حقیقت میں جینا ہے مرنا نہیں ہے

[illegible] ہیں تجھ سے ہے مطلب
کسی سے ہمیں کچھ تمنا نہیں ہے

شکایت نہ تجھ سے نہ چرخِ بریں سے
ہمیں اپنی قسمت سے لینا نہیں ہے

بجز تیری زلفوں کے دل کا ہمارے
کوئی گھر نہیں ہے ٹھکانا نہیں ہے

رقیبوں کو لا ہو کیوں قتلگہہ میں
یہہ ہے رقصِ بسمل تماشا نہیں ہے

کہا پھنس کے دل زلف میں ہے تو بولے
مجھے کیا خبر اسکی ہے یا نہیں ہے

مجھے ہمنے سمجھا دیا دیکھہ شوکت
نتیجہ محبت کا اچھا نہیں ہے

کہا جب تمہیں دھیان میرا نہیں ہے
تو جھنجھلا کے بولے کہ اچھا نہیں ہے

مجھے شکوۂ ظلم بیجا ہے بیشک
تمہیں بھی تو یہہ ظلم زیبا نہیں ہے

عیادت کو عاشق کی چل اے مسیحا
وہ بیمار کچھ کل سے اچھا نہیں ہے

ترا جلوہ موجود ہے ہر جگہہ پر
کسی نے مگر تجھکو دیکھا نہیں ہے

مگر تم ہو لیوں کیوں قسم کھا رہے ہو
یہہ مٹھی میں دل میرا اچھا نہیں ہے

شبِ ہجر آنا سکھا دینگے تجھکو
ترا ہر دم ہمیں رونا نہیں ہے

ہمیشہ روز کہتے ہو امروز و فردا
ابھی کیوں نہ کہہ دو کہ ملنا نہیں ہے

غرض کیا ادا کے لئے دل ملے کہتے شوکت
وہ معشوق ہے تیرا شیدا نہیں ہے

مرضِ عشق میں موت آئے شفا سے پہلے
زہر دیدیں مجھے احباب دوا سے پہلے

دیکھے دم بھر ابھی دو دن میں ملک الموت کو آج
تم جو آجاؤ مری جان قضا سے پہلے

بس نکلے یارب وہ پریشان نہ ہوں سہم نہ جائیں
منہ سے نکلی یہہ دعا آہِ رسا سے پہلے

ہم سے عریان میں ادھر ناحق اوڑاتا ہمیں
وہی نادان جو دیتا تھا دلا سے پہلے

وصل ہی میں ہمین اچہا ہے اجل ہی اچہی — اسکو مانگون کبہی سے اپنے خدا سے پہلے

نامۂ شوق یہہ قاصد کو دیا ہے کہکر — کہ پہونچیگا کسی محفل مین ہوا سے پہلے

یہہ ہے وصل مین ہے ناخنِ تدبیر لحاظ — واہون کب عقدۂ دل بندِ قبا سے پہلے

دے نہیں ہونٹ مرے بوسۂ لب لینے دو — کیون سزا دیتے ہو تم مجکو خطا سے پہلے

دلِ وحشت زدہ لیتے ہین پریرو جنکا — اُنکو دیوانہ بناتے ہین دغا سے پہلے

دلِ مضطر کی تمنا ہے کہ اونکو شوکت
شوخیان وصل کی تب آئین حیا سے پہلے

جب کہا مینے کبہی تو داغ دکہا دیکہئے — جلکے فرمانے لگے تیرا کلیجا دیکہئے

کیا کہین اللہ آنکہین دے تو یہہ کیا دیکہئے — تیری صورت دیکہئے تیرا ہی نقشا دیکہئے

غیر سے بولے اشارہ کرکے وہ میری طرف — آپکا سر دیکہئے اور میرا سودا دیکہئے

جب کہا اونکے خانہ پہ مرے آنا ضرور — ہو جلکر کچہہ دلمین فرمایا کہ اچہا دیکہئے

روز جاجاکر وہان کیا کیا اوٹہائین ذلتین — حضرتِ دل آپنے کہنا نہ مانا دیکہئے

لاش پر میری یہ وہ بولے ہمتو دیکہلے مر رہے — کیون خراب اپنا ثواب یہہ دم چورانا دیکہئے

بار بار اکر اک دن خلوت مین یہہ مینے کہا — کب تک آخر ہجر مین صدمے یہہ صدما دیکہئے

آپکو کسنے سکہائے ہین یہہ انداز ستم — داغ کتنے پڑ گئے میرا کلیجا دیکہئے

آپکا کہنا سرِ محفل مجہے اچہا تیرا — قطعہ اور اوس پر بہی مرا خاموش رہنا دیکہئے

انتہا ہی کچہہ جفا کی کوئی حد ہی جور کی — کہہ رہا ہے آپکو کیا کیا زمانا دیکہئے

پہلے تو یہہ سنکے کچہہ چپ رہے پر یہہ کہا — ہان بجا ہین ہم تو کوئی تم سے اچہا دیکہئے

جام غیرونکو دیے ہم بیٹہے منہ تکتے رہے — جہوٹے منہ بہی آپنے ہمکو نہ پوچہا دیکہئے

شکوۂ آزردگی سنکر رقیبونے کہا — پہر یہہ بولا پہر مرا کہنا نہ مانا دیکہئے

[illegible] چپکے لیں کیا ہے زمانا دیکھئے

تاہی شوکت او سکا وہ کہنا سوال وصل پر
اپنی صورت دیکھئے اور یہہ تمنا دیکھئے

[illegible] گئی آنکھہ کی لالی نہ گئی
زخم چہپانیکی کوئی شکل نکالی نہ گئی

ہاے کیا [illegible] گذری ہوئی حالت شبکی
صبح کو آنکھہ میں آنکھہ اونسے جوڑالی نہ گئی

دل سے [illegible] خنجر ہی کو نکال اے قاتل
بجتے حسرت تو مرے دلکی نکالی نہ گئی

آیا وہ سنبہالے نہ سنبہلا دل کا
اونسے تلوار جو مقتل میں سنبہالی نہ گئی

دونوں کو شوق و نزاکت نے کیا ہے مجبور
یاں طبیعت تو واں تیغ سنبہالی نہ گئی

سب گئے تاب و تواں ہوش و خرد صبر و قرار
پر تصور سے وہ تصویر خیالی نہ گئی

مر گئے مرنے پہ بہی ضبط ہبت کی اونسی
اس سے مجبور رہا چہرہ کی بحالی نہ گئی

جان دی ہجر میں کیوں تمنے تڑپکر شوکت
کیا قضا ہی شب فرقت بہی جو ٹالی نہ گئی

دیکہکر ہمکو عدو وہ مسکرا کر رہگئے
میرے دلپر رشک کی بجلی گرا کر رہگئے

کیا کہا ہے یہہ آپ ہمکو کیا سنا کر رہگئے
پہر آ لیئے آپ کسکو آزما کر رہگئے

کچہہ حیا ہی آنکھہ میں بہی کچہہ جوانی کا بہی جوش
وہ سوال وصل پر گردن جہکا کر رہگئے

[illegible] جب وہ چہڑا کر ہاتہہ اپنا صبح وصل
دونوں ہاتہوں سے دل اپنا ہم دبا کر رہگئے

حشر میں شکوہ نکا میرے جب بن آیا جواب
وہ خدا کے سامنے گردن جہکا کر رہگئے

آفریں اے جذب دل آدہے اوٹہتے اوٹہتے ہم سے
ہاتہہ جاتے جاتے ہاتہہ سے دامن چہڑا کر رہگئے

نشہ سے تہا حیا بہی تہی مروت بہی اونہیں
کچہہ نہ بولے وصل میں وہ کسمسا کر رہگئے

[illegible] جہک کر شرم سے پہر آج وہ
آتے آتے سامنے پردہ اوٹہا کر رہگئے

[illegible]

بدلے کیفیت کیا جو لب پہ بھی کچھ التجا — وصل مین وہ ستم سے آنکھین چھپا کے پھر گئے

عاشقی اور پھر یہ حسرت عمر بھر رو کے دنیا مین رہا
وہ کئی بار آج شوکت کو منا کر رہ گئے

وہ ... پھر کے ہمسے بھی نگاہِ آشنا بدلی — مقدر نے ہوا باندھی تھی منہ پھیر کر ہوا بدلی
شرر سے سوزِ دلکا سینہ جلی جسکو کہتے ہین — غبارِ آہِ دلکا نام سینے رکھ لیا بدلی
نئے عاشق بنائے تمنے ہو نئے طرزِ الفت کی — کسیکی ابتدا بدلی کسیکی انتہا بدلی
مری کشتِ عمل یک لخت شادابی پہ آجائے — تری رحمت کی برسے آج ایسی یا خدا بدلی
تلون وصل کی بابت بھی دلِ مضطر نے کب چھوڑا — کبھی یہ مدعا بدلا کبھی وہ التجا بدلی
الٰہی خیر کرنا رنگ پہلا سا نہین اب کے — بدلنے کو تو یون اُنکی طبیعت بارہا بدلی
پھری ہمسے نگاہِ لطف بدلا رنگ الفت کا — مگر شرطِ وفا تونے عدو سے بیوفا بدلی
یہان دن رات ساون ہر گھڑی بھادون کا عالم ہے — ہماری چشمِ تر کے سامنے برسیگی کیا بدلی

وہ کیا برہم ہوئے تقدیر برہم ہو گئی شوکت
